سوال

(631) کیا بیماری کی وجہ سے سفید ہوجانے والے بالوں کو سیاہ کیا جا سکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی بیماری کی وجہ سے بال سفید ہوجائیں (یعنی بڑھاپا نہ ہو) تو کیا انھیں سیاہ کیا جا سکتا ہے ؟ (خالد محمد، ۱۶چک برکی) (۶ اگست ۲۰۰۴ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خالصتاً سیاہ خضاب کا استعمال مطلقاً ناجائز ہے کیونکہ ممانعت کی احادیث میں عمر کے کسی حصہ کو اور کسی علت کو مستثنیٰ نہیں کیا گیا البتہ اگر ساتھ دوسرا رنگ ملا دیا جائے تو اس کے جواز میں کوئی کلام نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد : 3، کتاب اللباس : صفحہ : 467

محدث فتویٰ